# ادغام ناقص

ادغام ناقص کا مطلب ادھورا ملانا ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس قاعدے میں ن ساکن اور تنوین کو ی و م ن میں سے کسی حرف سے ادھورا ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ ادغام ناقص کے چار حروف ہیں ی و م ن جن کا مجموعہ یُوْمِنْ ہے۔ اگر یُوْمِنْ میں سے کوئی حرف ن ساکن اور تنوین میں سے کسی کے بعد آئے تو پھر ن ساکن اور تنوین کو یُوْمِنْ کے کسی حرف کے ساتھ ادھورا ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

اگر کسی لفظ میں ادغام ناقص ہو تو اس لفظ کو کیسے پڑھا جاتا ہے؟ اس لفظ میں ن ساکن اور تنوین کو یُوْمِنْ میں سے کسی حرف کے ساتھ ادھورا ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

## ی کی مثالیں

| نْ | دو زبر | دو زیر | دو پیش |
|---|---|---|---|
| وَمَنْ يَّعْمَلْ | خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ | سَيِّئَةً يَّكُنْ | كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ |
| لَّنْ يَّقْدِرَ | لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ | قُسِيَةً يُّحَرِّفُوْنَ | قَائِمٌ يُّصَلِّيْ |
| مَنْ يَّخْشٰى | صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَا | سَنَةً يَتِيْهُوْنَ | أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ |

## و کی مثالیں

| نْ | دو زبر | دو زیر | دو پیش |
|---|---|---|---|
| مِنْ وَّرَآءِ | صِبْغَةً وَّنَحْنُ | وَنَفْسٍ وَّمَا | مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ |
| مِنْ وَّاقٍ | أُمَّةً وَّسَطًا | وَوَالِدٍ وَّمَا | عَدُوٌّ وَّلَكُمْ |
| مِّنْ وُّجْدِكُمْ | دُعَاءً وَّنِدَاءً | قُوَّةٍ وَّلَا | عَدْلٌ وَّلَا هُمْ |

AzanGuru

م کی مثالیں

| نْ | دوزبر | دوزیر | دوپیش |
|---|---|---|---|
| مِّنْ مَّغْرَمٍ | سَعَةً مِّنَ الْمَالِ | أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ | رَسُولٌ مِّنَ اللّٰهِ |
| مِّنْ مَّسَدٍ | أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ | بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ | خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ |
| مِنْ مَّآءٍ | مَّغْفِرَةً مِّنْهُ | خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ | نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ |

ن کی مثالیں

| نْ | دوزبر | دوزیر | دوپیش |
|---|---|---|---|
| مِنْ نِّعْمَةٍ | رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً | كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ | حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ |
| لَنْ نُّشْرِكَ | جَزَاءً مِّنْ رَّبِّكَ | بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيلٍ | سُورَةٌ نَّظَرَ |
| مِنْ نُّورِكُمْ | نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ | فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ | بَخِعٌ نَّفْسَكَ |